Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# کئیررز الاؤنس سپلیمنٹ

**کیئرر الاؤنس سپلیمنٹ کیا ہے؟**

یہ سکاٹش حکومت کی طرف سے اسکاٹ لینڈ میں نگہداشت کاران کے لیے ایک اضافی ادائیگی ہے جو ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشن (DWP) سے مکمل یا جزوی کیئررز الاؤنس کی ادائیگی یا سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ سے مکمل یا جزوی کیئرر سپورٹ پیمنٹ وصول کر رہے ہیں۔

**کیئررز الاؤنس سپلیمنٹ کتنا ہے اور اسے کتنی بار ادا کیا جائے گا؟**

یہ ہر 6 ماہ بعد سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کی طرف سے خود بخود ادا کی جائے گی۔ ہر 6 ماہانہ ادائیگی £288.60 ہوگی۔ ادائیگیوں میں انفلیشن یعنی افراط زر کے ساتھ سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔

**اس ادائیگی کے لیے کون اہل ہے؟**

وہ نگہداشت کاران جو سکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں اور DWP سے کیئررز الاؤنس وصول کرتے ہیں یا سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ سے ہر سال 2 مقررہ تاریخوں پر کیئرر سپورٹ پیمنٹ حاصل کرتے ہیں انھیں یہ ادائیگی ملے گی۔

**نگہداشت کاران کو کیئررز الاؤنس سپلیمنٹ کیسے ملے گا؟**

جن نگہداشت کاران کو یہ ادائیگی ملے گی انھیں ایک خط ملے گا جس میں انھیں مطلع کیا جائے گا۔ ادائیگی اسی بینک یا کریڈٹ یونین اکاؤنٹ میں کی جائے گی جس میں ان کے کیئررز الاؤنس یا کیئرر سپورٹ پیمنٹ کی جاتی ہے۔

**ادائیگیاں کب کی جائیں گی؟**

سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ ہر سال کے شروع میں ادائیگی کے مہینوں کا اعلان کرے گا۔ یہ معلومات mygov.scot/carersupplement کے ساتھ ساتھ سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کی کارپوریٹ ویب سائٹ، سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور اسٹیک ہولڈر نیوز لیٹر پر دستیاب ہوگی۔

**کیا یہ دوسرے بینفٹس کو متاثر کرے گا؟**

نہیں۔ نگہداشت کاران کو DWP سے کیئررز الاؤنس یا سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ سے کیئرر سپورٹ پیمنٹ اسی وقت اور اسی شرح پر ملتی رہے گی جیسا کہ وہ ابھی حاصل کرتے ہیں۔ جب کلائنٹس کو دیگر بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے جانچا جائے گا تو ادائیگی کو مدنظر نہیں رکھا جائے گا۔

**کیررز الاؤنس سپلیمنٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، mygov.scot/carersupplementپر جائیں**

**mygov.scot/carersupplement**

**حقائق کا پرچہ**

COST OF LIVING SUPPORT

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظہ کریں۔ **gov.scot/costoflivingsupport.** یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

**لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 18001 +0300 244 4000(سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot



سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں